بقیہ 1 پاک ایران

کے سپریم لیڈر کی شہادت پر گورنر سیستان منصور بیجار سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان بالخصوص بلوچستان کے عوام اس دکھ کی گھڑی میں ایرانی عوام کے ساتھ کھڑے ہیں اس موقع پر گورنر سیستان منصور بیجار نے بلوچستان کی حکومت اور عوام کی جانب سے اظہار یکجہتی پر شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان، بالخصوص بلوچستان کے عوام کی محبت اور تعاون پر ہم شکر گزار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ان کے دورے کا بنیادی مقصد دونوں ممالک کے درمیان تجارتی اور معاشی تعلقات کو مزید وسعت دینا ہے گورنر سیستان نے کہا کہ پاکستان اور ایران کے درمیان موجودہ تجارتی حجم تقریباً تین ارب ڈالر ہے، تاہم مشترکہ کوششوں سے اسے بڑھا کر دس ارب ڈالر تک لے جایا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سرحدی تعلقات اور تجارت کے فروغ سے نہ صرف معاشی سرگرمیوں میں اضافہ ہوگا بلکہ سیکیورٹی سے متعلق چیلنجز سے نمٹنے میں بھی مدد ملے گی وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ حکومت بلوچستان بارڈر پر بارڈر ٹریڈ کو فروغ دینے اور تجارتی حجم کو دس ارب ڈالر تک لے جانے کے ہدف کے حصول کے لیے ہر ممکن اقدامات کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ وہ گورنر سیستان کی اس رائے سے مکمل اتفاق کرتے ہیں کہ معاشی سرگرمیوں میں اضافہ امن، استحکام اور بہتر سیکیورٹی ماحول کے قیام میں اہم کردار ادا کرتا ہے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ایران کے ساتھ سرحد پر قائم ابتدائی تین بارڈر مارکیٹس کو مزید فعال اور موثر بنایا جائے گا، جبکہ مستقبل میں مزید بارڈر مارکیٹس کے قیام پر بھی کام کیا جائے گا تاکہ سرحدی علاقوں کے عوام کو روزگار اور تجارت کے بہتر مواقع میسر آسکیں انہوں نے کہا کہ چاغی سے تفتان تک ریلوے ٹریک کی بہتری کا منصوبہ دونوں برادر ممالک کے لیے انتہائی اہمیت کا حامل ہے، جس سے سامان کی ترسیل میں سہولت، تجارتی سرگرمیوں میں اضافہ اور دو طرفہ تجارت کو مزید فروغ ملے گا وزیر اعلیٰ بلوچستان نے بتایا کہ حکومت ویسٹرن کوریڈور کے تحفظ اور موثر نگرانی کے لیے ایک علیحدہ سیکیورٹی ڈویژن قائم کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس اقدام سے نہ صرف حتمی کوریڈور کو محفوظ اور فعال بنانے میں مدد ملے گی بلکہ ایران کے ساتھ تجارت کو بھی نئی تقویت ملے گی، جس سے دونوں ممالک کے درمیان اقتصادی روابط مزید مستحکم ہوں گے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ پائیدار امن ہی ترقی اور خوشحالی کی بنیاد ہے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک کو اس عزم کے ساتھ آگے بڑھنا ہوگا کہ اپنی سرزمین پر موجود نان اسٹیٹ ایکٹرز کے مکمل خاتمے کے لیے مشترکہ اقدامات کیے جائیں تاکہ سرحد کے دونوں جانب آباد بلوچ عوام امن، استحکام اور ترقی کے ثمرات سے بھرپور استفادہ کرسکیں انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان لائیو اسٹاک کی تجارت کے فروغ کے لیے جدید سلاٹر ہاؤسز اور کولڈ اسٹوریج کی سہولیات قائم کر رہی ہے اور اس شعبے میں ایرانی وفد کی سرمایہ کاری میں دلچسپی کا خیر مقدم کرتی ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے تجویز دی کہ بلوچستان اور سیستان کی

آیا۔ سعودی عرب نے یمن کے حوثیوں کی جانب سے سعودیہ کی سمندری ناکہ بندی کے اعلان کی شدید مذمت کی ہے۔ سعودی وزارت خارجہ کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ یمن کے حوثیوں کی سعودیہ کی سمندری ناکہ بندی کے اعلان کی شدید مذمت کرتے ہیں۔ بیان میں حوثیوں کے سعودی عرب پر یمنی عوام کا محاصرہ کرنے کے الزام کی مذمت کی گئی اور کہا گیا کہ سعودیہ یمنی عوام اور یمن کی "قانونی" حکومت کی حمایت جاری رکھے گا۔ یمن میں سعودی قیادت والے اتحاد نے بھی اعلان کیا ہے کہ وہ آبنائے باب المندب میں اپنے تجارتی جہازوں کی حفاظت کو یقینی بنائیں گے، حوثیوں کی جانب سے جہازوں پر حملوں کی دھمکی کا طاقت سے جواب دیں گے۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز یمن کی حوثی تنظیم انصار اللہ نے سعودی عرب کی بحری ناکہ بندی کا اعلان کیا۔ دوسری جانب میں کی بحیرہ احمر میں ناکہ بندی کی دھمکی پر اقوام متحدہ نے تشویش کا اظہار کیا ہے۔ اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل کے ترجمان سٹیفن دوجارک نے کہا ہے کہ یمن کے حوثی گروپ کی جانب سے سعودی عرب کے خلاف بحیرہ احمر میں بحری ناکہ بندی کی دھمکی پر تشویش ہے۔ انہوں نے کہا یہ واضح طور پر ایک اور اہم بحری گزرگاہ ہے، ہم پہلے ہی آبنائے ہرمز کی بندش کے اثرات اور عالمی معیشت پر اس کے منفی اثرات دیکھ رہے ہیں۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ اگر بحیرہ احمر میں بھی کشیدگی میں اضافہ ہوتا ہے تو اس کے عالمی تجارت، بحری نقل و حمل اور بین الاقوامی معیشت پر مزید منفی اثرات مرتب ہو سکتے ہیں۔ ترجمان پینٹاگون کا کہنا ہے کہ ایران کے ساتھ جاری جنگ 7 جولائی سے اب تک تقریباً 100 فوجی زخمی ہوئے جنہیں مختلف نوعیت کے زخم آئے ہیں۔ پینٹاگون ترجمان شان پارنیل یہ انکشاف ایسے وقت کیا گیا ہے جب امریکا نے بعد کو ایرانی حملے سے ہلاک 2 فوجیوں کی شناخت ظاہر کی ہے۔ ترجمان پینٹاگون نے ساتھ ہی دعویٰ کیا کہ ان میں سے 96 فیصد ڈیوٹی پر واپس آچکے ہیں۔ قبل ازیں پینٹاگون نے صرف اتنا بتایا تھا کہ 28 فروری سے اب تک 14 فوجی ہلاک اور 427 زخمی ہوئے ہیں۔ ایران نے عندیہ دیا ہے کہ جب تک امریکا کی جانب سے ایران کے خلاف فوجی کارروائیاں جاری رہیں گی اس وقت تک آبنائے ہرمز کو بحری آمد ورفت کیلئے دوبارہ نہیں کھولا جائے گا۔

بقیہ 3 پمپس بند کرنے کا اعلان

ایسوسی ایشن کے مذاکرات ناکام ہوگئے۔ جنرل سیکریٹری آل پاکستان پیٹرول پمپس ایسوسی ایشن نعمان بٹ نے بتایا کہ وزیر پیٹرولیم اور پمپس مالکان کے درمیان مذاکرات کسی نتیجے پر نہ پہنچ سکے۔ انہوں نے کہا کہ روزانہ کی بنیاد پر پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں تبدیلی کسی صورت قبول نہیں۔ حکومت کے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کے نئے نظام کو مسترد کرتے ہیں۔ خیال رہے کہ حکومت کی جانب سے فیصلہ کیا گیا تھا کہ خطے کی بگڑتی صورتحال کے

